عوام کو صرف سرکاری ہسپتالوں کے
رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا: ڈی سی جہلم

دینہ (نامہ نگار) ملکی آبادی میں اضافہ کی وجہ سے سرکاری ہسپتالوں میں سب افراد کے لئے صحت کی سہولیات ناکافی ہیں ڈاکٹروں کی بھی کمی ہے عوام کو صرف سرکاری اداروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دینا بھی زیادتی ہے یہ بات امجد علی طور ڈپٹی کمشنر جہلم نے رورل ہیلتھ سنٹر دینہ میں انجمن بہبودی مریضاں ڈنمارک و میڈیکل ویلفیئر

بقیہ ڈی سی جہلم

پراجیکٹ دینہ کے زیر اہتمام منعقدہ تیرہویں فری آئی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہاکہ پرائیویٹ اور سماجی بہبود کے اداروں کو بھی چاہیئے کہ وہ عوام کی بحالی صحت کے لئے حکومتی اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔ پیر فخر نذیر قاسم نے کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انجمن ھذا کے عہدیداران، ڈاکٹر شوکت محمود، چوہدری محمد اشرف، ڈاکٹر عبدالقیوم صدر انجمن شہریاں دینہ اور برطانیہ سے آئے ہوئے مہمان خصوصی جناب محمود احمد نے انجمن کے پس منظر اور قیام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے حاجی محمد اقبال (ڈنمارک) سرپرست اعلیٰ و بانی انجمن اور ان کے رفقاء کی معاونت اور خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ بانی انجمن حاجی محمد اقبال نے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ دیار غیر میں رہ کر اپنے ملک کے غریب افراد کے لئے جذبہ ہمدردی رکھنے والے درد مند اور مخیر حضرات یقیناً دعاؤں کے مستحق ہیں۔ آئی سرجن ڈاکٹر طاہر نصیر قریشی نے 500 مریضوں کا چیک اپ کیا اور 50 افراد کے آپریشن کئے گئے۔